

HISTOIRE EN OURDOU · 9–14 ANS · INTERMÉDIAIRE

De Paris à Lahore

پیرس سے لاہور تک

Paris se Lahore tak · From Paris to Lahore

Dr Anam Kiani · ThePenBooking

thepenbooking.com




آدم دس سال کا ہے اور پیرس میں رہتا ہے۔ وہ فرانسیسی اچھی بولتا ہے، مگر اردو بس تھوڑی سی۔

Adam das saal ka hai aur Paris mein rehta hai. Woh Faraansisi achhi bolta hai, magar Urdu bas thori si.

EN Adam is ten years old and lives in Paris. He speaks French well, but only a little Urdu.

FR Adam a dix ans et habite à Paris. Il parle bien français, mais seulement un petit peu ourdou.




اس سال وہ پہلی بار اپنی امی کے ساتھ لاہور جا رہا ہے،
نانی اماں سے ملنے۔

Is saal woh pehli baar apni Ammi ke saath Lahore ja raha hai, Nani Amma se milne.

EN This year, for the first time, he is going to Lahore with his mother to visit Nani Amma, his grandmother.

FR Cette année, pour la première fois, il part à Lahore avec sa maman pour voir Nani Amma, sa grand-mère.



ہوائی جہاز سے اترتے ہی گرم ہوا نے اس کا استقبال کیا۔ ہر طرف شور، رنگ اور خوشبوئیں تھیں۔

Hawaai jahaaz se utarte hi garam hawa ne us ka istiqbaal kiya. Har taraf shor, rang aur khushbooein theen.

EN As soon as he got off the plane, warm air welcomed him. There was noise, colour and smells everywhere.

FR Dès qu'il est descendu de l'avion, l'air chaud l'a accueilli. Partout, il y avait du bruit, des couleurs et des odeurs.




نانی اماں نے اسے زور سے گلے لگایا۔ ”میرا بچہ! کتنا بڑا ہو گیا ہے!“ آدم صرف مسکرا سکا۔

Nani Amma ne use zor se gale lagaaya. "Mera bachcha! Kitna bara ho gaya hai!" Adam sirf muskura saka.

EN Nani Amma hugged him tightly. "My child! How big you've grown!" Adam could only smile.

FR Nani Amma l'a serré très fort. « Mon enfant ! Comme tu as grandi ! » Adam n'a pu que sourire.



گھر میں اس کی کزن مریم ملی۔ ”میں تمہیں لاہور دکھاؤں گی،“
اس نے کہا، ”اور اردو بھی سکھاؤں گی!“

Ghar mein us ki cousin Mariam mili. "Main tumhein Lahore dikhaaoon gi," us ne kaha, "aur Urdu bhi sikhaaoon gi!"

EN At home he met his cousin Mariam. "I'll show you Lahore," she said, "and I'll teach you Urdu too!"

FR À la maison, il a rencontré sa cousine Mariam. « Je vais te faire visiter Lahore, a-t-elle dit, et je vais aussi t'apprendre l'ourdou ! »




اگلے دن وہ رکشے میں بیٹھے۔ رکشہ ٹک ٹک کرتا ہوا تنگ گلیوں سے گزرا۔ آدم کو لگا جیسے وہ کسی کھیل میں ہو۔

Agle din woh rickshay mein baithe. Rickshaw tuk-tuk karta hua tang galiyon se guzra. Adam ko laga jaise woh kisi khel mein ho.

EN The next day they got into a rickshaw. It went tuk-tuk through the narrow streets. Adam felt as if he were in a game.

FR Le lendemain, ils sont montés dans un rickshaw. Il a traversé les ruelles étroites en faisant tuk-tuk. Adam avait l'impression d'être dans un jeu vidéo.




بادشاہی مسجد دیکھ کر آدم حیران رہ گیا۔ ”یہ تو بہت بڑی ہے…پیرس کے کسی محل جیسی!“

Badshahi Masjid dekh kar Adam hairaan reh gaya. "Yeh to bohat bari hai… Paris ke kisi mahal jaisi!"

EN Adam was amazed when he saw the Badshahi Mosque. "It's huge… like a palace in Paris!"

FR En voyant la mosquée Badshahi, Adam est resté bouche bée. « Elle est immense… comme un palais de Paris ! »



مریم نے بتایا: ”یہ ساڑھے تین سو سال سے زیادہ پرانی ہے۔“ آدم نے اپنی نوٹ بک میں لکھا: پرانی = vieille۔

Mariam ne bataaya: "Yeh saarhe teen sau saal se zyaada puraani hai." Adam ne apni notebook mein likha: puraani = vieille.

EN Mariam explained: "It is more than three hundred and fifty years old." Adam wrote in his notebook: puraani = old.

FR Mariam a expliqué : « Elle a plus de trois cent cinquante ans. » Adam a écrit dans son carnet : puraani = vieille.




دوپہر کو انہوں نے انارکلی بازار میں گول گپے کھائے۔ آدم کی آنکھوں میں پانی آگیا۔ "تیز! بہت تیز!"

Dopahar ko unhon ne Anarkali Bazaar mein gol gappe khaaye. Adam ki aankhon mein paani aa gaya. "Tez! Bohat tez!"

EN In the afternoon they ate gol gappay in Anarkali Bazaar. Adam's eyes watered. "Spicy! Very spicy!"

FR L'après-midi, ils ont mangé des gol gappay au bazar d'Anarkali. Adam en a eu les larmes aux yeux. « Ça pique ! Ça pique beaucoup ! »



مریم ہنسی۔ ”دیکھو، تم نے اردو بول دی!“ آدم بھی ہنس پڑا۔

Mariam hansi. "Dekho, tum ne Urdu bol di!" Adam bhi hans para.

EN Mariam laughed. "See, you spoke Urdu!" Adam burst out laughing too.

FR Mariam a ri. « Tu vois, tu as parlé ourdou ! » Adam a éclaté de rire, lui aussi.



شام کو نانی اماں نے آدم کو کہانی سنائی۔ کچھ لفظ وہ سمجھا، کچھ نہیں، مگر کہانی کا مطلب سمجھ گیا۔

Shaam ko Nani Amma ne Adam ko kahaani sunaai. Kuchh lafz woh samjha, kuchh nahin, magar kahaani ka matlab samajh gaya.

EN In the evening, Nani Amma told Adam a story. He understood some words, not others, but he understood what the story meant.

FR Le soir, Nani Amma a raconté une histoire à Adam. Il a compris certains mots, pas d'autres, mais il a compris le sens de l'histoire.



ہر دن اس کی نوٹ بک بھرتی گئی: شکریہ، دوست، خوشبو، بارش…

Har din us ki notebook bharti gayi: shukriya, dost, khushboo, baarish…

EN Every day his notebook filled up: shukriya (thank you), dost (friend), khushboo (fragrance), baarish (rain)…

FR Chaque jour, son carnet se remplissait : shukriya (merci), dost (ami), khushboo (parfum), baarish (pluie)…



ایک شام اچانک بارش ہوئی۔ آدم اور مریم صحن میں بھیگتے رہے اور پکوڑوں کا انتظار کرتے رہے۔

Aik shaam achaanak baarish hui. Adam aur Mariam sehan mein bheegte rahe aur pakoron ka intezaar karte rahe.

EN One evening it suddenly rained. Adam and Mariam stayed in the courtyard getting wet and waiting for the pakoras.

FR Un soir, il s'est mis à pleuvoir d'un coup. Adam et Mariam sont restés dans la cour à se faire mouiller, en attendant les pakoras.




جانے کے دن آدم نے نانی اماں سے پوری اردو میں کہا: ”نانی اماں، میں آپ سے بہت پیار کرتا ہوں۔ میں جلدی واپس آؤں گا۔“

Jaane ke din Adam ne Nani Amma se poori Urdu mein kaha: "Nani Amma, main aap se bohat pyaar karta hoon. Main jaldi waapas aaoon ga."

EN On the day he left, Adam said to Nani Amma, entirely in Urdu: "Nani Amma, I love you very much. I'll come back soon."

FR Le jour du départ, Adam a dit à Nani Amma, entièrement en ourdou : « Nani Amma, je t'aime très fort. Je reviendrai bientôt. »



جہاز میں آدم نے اپنی نوٹ بک کھولی۔ پہلے صفحے پر مریم نے لکھا تھا: ”اردو تمہاری ہے، اسے مت بھولنا۔“

Jahaaz mein Adam ne apni notebook kholi. Pehle safhe par Mariam ne likha tha: "Urdu tumhaari hai, use mat bhoolna."

EN On the plane, Adam opened his notebook. On the first page, Mariam had written: "Urdu is yours, don't forget it."

FR Dans l'avion, Adam a ouvert son carnet. Sur la première page, Mariam avait écrit : « L'ourdou est à toi, ne l'oublie pas. »